© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زبان میری ہے بات اُنکی

○—— امریکہ میں ۱۹۹۰ء میں چھ لاکھ عورتوں کی عزّت لُوٹی گئی ۔ (ایک خبر)

لبرل، پروگریسو، مغرب زدہ، مذہب بیزار، نام نہاد تعلیم یافتہ انٹرنیشنل گرو گے جواب دیں ۔

کیا وہ یہی کچھ پاکستان میں چاہتے ہیں ۔ ؟

○—— بیٹے کی بازیابی کے لیئے درخواست کی سزا، ماں بیٹوں کی تھانے میں مرمت ۔ ایک خبر)

یا اللہ ! یہ ظلم کب تک روا رہے گا !

○—— وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اُردو دفتری زبان بن جائے گی ۔ (فخر امام)

جب تک ایچی سن کالج ۔ سینٹ انتھنی ۔ کیتھڈرل ۔ کنونٹ ۔ لاسال ۔ صادق پبلک سکولوں سے انگریز

کی روحانی اولاد پیدا ہوتی رہے گی ۔ اردو دفتری زبان نہیں بن سکتی ۔

○—— عبدالستار خاں نیازی ۔ مولوی محمد خاں شیرانی ۔ قاضی حسین احمد اور اسرار الحق حقانی

نے نمازِ ظہر ساجد نقوی کے پیچھے ادا کی ۔ (ایک خبر)

ڈھوم ڈھاڑی ناچتے پھرتے ہیں اس بازار میں
برسبیل تذکرہ ؟ کچھیا کے باوا چار ہیں

اِس خدا کی مملکت میں چار رکعت کے امام
ربّ کعبہ کی قسم اسلام کے غدار ہیں

○—— حالات نے پلٹا کھایا تو جام صادق ، وزیر اعظم کے خلاف سلطانی گواہ ہوں گے ۔ (بے نظیر)

چنگیز خاں کے لباس سے خون کی بُو آتی ہے ۔

○—— شریعت وہی نافذ ہوگی جس کی منظوری پارلیمنٹ دے گی ۔ (چودھری شجاعت حسین)

شریعت رائے نہیں مانگتی ۔ اطاعت مانگتی ہے ، چودھری صاحب !

○—— عید پر نئے کپڑے نہ ملنے پر بچے نے خودکشی کر لی ۔ چھٹی جماعت کے طالب علم کے

والدین بچے کی خواہش پوری کرنے کی طاقت نہ رکھتے تھے ۔ (ایک خبر)

ماں کے دل سے اُٹھنے والی ہُوک کیا تباہی نہیں لائے گی ؟ سٹیٹ کے ذمہ دار جواب دیں ۔

○—— کمالیہ میں پولیس تشدد سے نوجوان ہلاک ۔ ۔۔۔ بیوی کے لئے دوائی لینے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جارہا تھا، کہ پولیس کے ہتھے چڑھ گیا۔ (ایک خبر)

ایسے لگتا ہے، جیسے پولیس کی شکل میں۔ اللہ کا عذاب پاکستان پر مسلط ہے۔

○—— ایران نے جنوبی عراق میں "شیعہ سٹیٹ" کا منصوبہ بنا لیا۔ ایرانی رضاکار کُرُدوں کے بھیس میں صدام کے فوجیوں سے جنگ کر رہے ہیں۔ (ایک خبر)

"تقیہ" کے معنی "اپنے مقصد کو چھپائے رکھنا"

○—— یکم جولائی سے پنجاب میں اُردو کو سرکاری زبان کے طور پر رائج کرنے کا فیصلہ۔ (وامیں)

اور اِس کا سرکلر، انگریزی میں جاری کیا جائے گا۔

○—— میری بیگم مردوں سے زیادہ پانچ گُنا ذہین ہے۔ (آصف زرداری)

آج کل کوئی جتنا بڑا جھوٹا ہے، اُتنا بڑا "ذہین" ہے۔

○—— طالبات نازیہ حسن کی بجائے حضرت عائشہ رضؓ اور حضرت فاطمہ رضؓ کے کردار کو آئیڈیل بنائیں۔ (انجمن طالباتِ اسلام)

عہدِ حاضر کی لڑکیوں سے کہو،
عِفّت و عصمت و حیا و وفا
تم سے آباد ایک گھر نہ ہوا !

تم سے پہلے بھی لڑکیاں تھیں بہت
اُن کے گھر کی یہ لونڈیاں تھیں بہت
اُن سے آباد بستیاں تھیں بہت

○—— جنگ کلچرل ونگ کے زیرِ اہتمام، رمضان کی ستائیسویں کو "وجد لمحات" نصرت فتح علی خاں اور عزیز میاں قوّال شرکت کریں گے۔ (ایک خبر)

کار پردازانِ "جنگ" کی طرف سے لوگوں کو ستائیسویں شب کی بابرکت ساعات سے محروم کرنے کا ایک سازشی متبادل شیطانی پروگرام۔

○—— جام صادق نے سندھ میں ۲۹ نئے شراب خانوں کی منظوری دے دی۔ مزید چالیس کی درخواستیں زیرِ غور ہیں۔ (ایک خبر)

○—— عیدالفطر پر لاہور میں ۴۲ ہزار شراب کی بوتلیں بکیں، خریداروں میں پولیس اہلکار، ٹی وی پروڈیوسر اور کالم نگار بھی شامل تھے۔

شراب ایکسائز کے اعلیٰ افسروں کی نگرانی میں فروخت ہوئی۔ (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دیزہ چین و بدنہاد و بدسرشت و بدگہر — دخترِ رز کے تراشے بندگانِ سیم و زر
آں جہانی دور کے یہ دُم کٹے لختِ جگر — ملک کے پیچھے پڑے ہیں کم بخت پنجے جھاڑ کر

آج کی تازہ خبر!

○—— پولیس کا سپاہی بوٹیاں پھینک رہا تھا، ڈی ایس پی کا بیٹا نقل کر رہا تھا۔ (ایک خبر)

کوئی نئی بات نہیں۔ ایک جگہ پروفیسر بوٹیاں پھینک رہا تھا، پرنسپل کا بیٹا نقل کر رہا تھا۔

○—— ہم مذہب کی بنیاد پرست تشریح کے پابند نہیں۔ (بے نظیر)

پھر حضرت فاطمہؓ کو اپنا آئیڈیل کہتے ہوئے شرم آنی چاہیئے جن کا جنازہ بھی رات کے اندھیرے میں اُٹھایا گیا۔

○—— ولی خاں دہلی چلے گئے۔ (ایک خبر)

پہلا سبق یاد ہو گیا ہو گا۔

○—— سابق ڈی ایس پی سمندری کی الوداعی افطار پارٹی میں رقص کی محفل۔ (ایک خبر)

سونے کی پلیٹ میں پاخانے کی پیش کش!۔

○—— شریعت پارلیمنٹ کے تابع نہیں۔ حکومت دینِ اکبری نافذ کرنا چاہتی ہے۔ (سینیٹر قاضی عبداللطیف)

اللہ اکبر! کیا پھر پیدا ہو گیا ہے۔ جلال الدین اکبر؟

○—— اُردن میں ایک وزیر نے مردوں اور عورتوں کو ایک جگہ بیٹھ کر کام کرنے سے منع کر دیا۔ (ایک خبر)

بنیاد پرست ہمیشہ بنیاد لوگوں کا پیچھا کرتے رہیں گے۔

○—— جہیز کی لعنت سے چھٹکارا پانے کے لئے دو بہنوں نے خودکشی کر لی۔ (ایک خبر)

حکومت اور کچھ نہیں کر سکتی۔ کم از کم سونا تو دے سکتی ہے۔

○—— ایک ہزار روپیہ عیدی وصول کرنے پر احتجاج۔ ڈرائیوروں نے (پولیس کے خلاف) ٹریفک بلاک کر دی۔ (ایک خبر)

پولیس کا محکمہ ختم کر دیا جائے۔ آدھے جرائم خود بخود ختم ہو جائیں گے۔

○—— افغان جنگ، جہاد نہیں، فساد ہے۔ مُلاں اقتدار کے لیے خوں ریزی کرا رہے ہیں (ولی خان)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لگتا ہے اِس عمرانی شہدے اور سیاسی لُقندرے کو روس کی طرف سے تازہ تازہ راتب ڈالا

- تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کو "ایران" اور انجمن سپاہ صحابہ کو "را" سے تخریب کاری کے لئے رقم ملتی ہے۔ (عابدہ حسین)

رفیقوں سے رقیب اچھے جو جل کر نام لیتے ہیں۔

- دارالامان ملتان کی سپرنٹنڈنٹ۔ عصمت فروشی اور فحاشی پر مجبور کرتی ہے۔ (فرار ہونے والی چھ لڑکیوں کی ہائیکورٹ ملتان میں درخواست)
- بھائی کی حقیقی بہن سے زیادتی۔ (ایک خبر)
- نشتر ہسپتال ملتان کے نرسنگ ہوسٹل سے ایک زیر تربیت نرس کا اغوا۔ (ایک خبر)

قاتلانِ آبروئیں ہی کھلے پھرتے رہیں، | کوئی بھی عزّت نہیں محفوظ رہ سکتی یہاں
ہر زمانہ میں شرابی اور زانی مطمئن، | کاش دھرتی پر اُتر آئیں فضا سے بجلیاں


**تحریک تحفظ ختم نبوت کی اہم پیشکش**

- عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور ردّ مرزائیت کے مسلسلہ کی اہم کتابیں
- جن کی اشاعت سے قادیانی ایوان لرز اُٹھے
- کفر و ارتداد اور بے دینی کے اس معاشرے میں ان کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔

- مسئلہ ختم نبوت علم و عقل کی روشنی میں (مولانا مفتی محمد اسحٰق سندیلوی) ۱۸/- روپے
- قادیان سے اسرائیل تک — جناب ابو مدثرہ ۴۰/- روپے
- قادیانیوں کو دعوت حق (مولانا محمد عبداللہ) ۲۵/- روپے
- تائید آسمانی در ردّ نشانِ آسمانی — مولانا محمد جعفر تھانیسری ۵/- روپے
- اسلام اور مرزائیت (تقابلی مطالعہ) (مولانا محمد عبداللہ) ۱۲/- روپے
- ردّ قادیانیت پر دس کتابچے ۱۰/- روپے

**خصوصی رعایت**

- کوئی ایک کتاب منگوانے پر ۲۰٪ رعایت
- مکمل سیٹ منگوانے پر ۳۳٪ رعایت اور
- ۱۰۰۰/- روپے کی کتب منگوانے پر ۴۰٪ رعایت اور ماہنامہ نقیب ختم نبوت ایک سال کے لئے مفت جاری کیا جائے گا۔

**نوٹ:** رقم پیشگی ارسال کریں۔ کتاب رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال کی جائے گی۔ ڈاک خرچ بذمہ ادارہ ہوگا۔

**تحریک تحفظ ختم نبوت (شعبہ تبلیغ) مجلس احرار اسلام پاکستان**

دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان۔ فون ۷۲۸۱۳


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




ماہنامہ جریدہ "الاشرف" کا عظیم الشان

# صولتیہ نمبر

شائع ہوگیا ہے

○ علماء حق کے مجاہدانہ کارناموں کی روئیداد ○ حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ اور مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کی علمی اور عملی کاوشوں کا تذکرہ
○ عیسائی مشنریوں خصوصاً پادری فنڈر کی ارتدادی سرگرمیوں اور اس کی ذلت آمیز شکست کا تفصیلی احوال ○ محترمہ صولت النساء بیگم کا ذکر خیر ○ تاریخ کے مدّ و جزر کی کہانی ○ اکابر علماء کے تاثرات ○ دلچسپیوں کا مرقع ○ ایک یادگار دستاویز
○ صولتیہ کے ماضی اور حال کی سرگزشت ○ حجاز کا سفر نامہ
○ رنگارنگ مضامین ○ منتخب نعتیں اور نظمیں

کمپیوٹر کی کتابت

بہترین طباعت

۱۲۸ صفحات کی ضخامت

قیمت صرف ۱۰ روپے

نوٹ:
ستّو خوش نصیبوں کو یہ نمبر مفت دیا جائے گا، آپ خط لکھیئے۔ ہم قرعہ اندازی کے ذریعہ فیصلہ کریں گے۔

رابطہ کے لئے

ماہنامہ **الاشرف**

۵ محمد مینشن، بلاک ۱۳ بی، گلشن اقبال کراچی ۷۵۳۰۰

فون ۴۷۹۱۰۲-۳۱


© rasailojaraid.com